# بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، کراچی

سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ ایگزامینیشن ۲۰۲۳ء (سالانہ)

## ماڈل پیپر

## اُردو سلیس (آسان اُردو)

جماعت دہم۔(سائنس گروپ) کل نشانات: ۷۵

وقت: ۳ گھنٹے

### حصّہ ”الف“ (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) 20% (نشانات:۱۵)

**حصہ الف: سوال نمبر ا۔ ۱۵ کثیر الانتخابی سوالات پر مشتمل ہے جو تمام سلیبس سے دیئے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔**

### حصّہ ”ب“ (مختصر جواب کے سوالات) 40% (نشانات: ۳۰)

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:- (۲)

i. فتحِ مکّہ کے بعد حضور اکرم ﷺ نے کیا اعلان فرمایا تھا؟

ii. حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے دورِ خلافت کو اسلام کا سنہری دور کیوں کہا جاتا ہے؟

iii. مرزا غالب کے خطوط کی تین خصوصیات تحریر کیجیے۔

iv. قومی اور علاقائی زبانوں کے باہمی ربط سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟ کوئی تین تحریر کیجیے۔

۳۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (۲)

i. پہاڑ نے گلہری سے کیا بات کہی؟

ii. نعت اور مناجات کی تعریف تحریر کیجیے۔

iii. حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے گھر کا کیا حال تھا؟

iv. جو لوگ ہمت ہار جاتے ہیں ان کا کیا حال ہوتا ہے؟

۴۔ سبق ”فصولِ رسمیں“ کا مرکزی خیال ۔۔یا۔۔ سبق ”نام دیومالی“ کا خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

۵۔ نظم ”آمدِ بہار“ کا خلاصہ ۔۔یا۔۔ نظم ”حضرت ابوبکر صدیقؓ“ کا مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

۶۔ (الف) چار اسم فاعل یا چار اسم مفعول تحریر کیجیے۔ (۴)

یا

مندرجہ ذیل میں سے چار الفاظ و محاورات کے جملے بنائیے۔

روک تھام ۔ تعظیم ۔ دار و مدار ۔ موت کو ٹالنا۔ گردن جھکا دینا ۔ رسم و رواج

(ب) درج ذیل میں سے چار واحد الفاظ کی جمع بنائیے۔ (۴)

مدینہ ۔ حقیقت ۔ فائدہ ۔ رسم ۔ تکلیف ۔ فن

یا

مندرجہ ذیل کے دو دو ہم قافیہ الفاظ لکھیے۔

شام ۔ ہارے

## حصّہ ج (بیانیہ جواب کے سوالات) 40% نشانات: ۳۰

۷۔ مندرجہ ذیل عبارت کو توجہ سے پڑھیے اور نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (۸)

تعصّب انسان کو ہزار طرح کی نیکیوں کے حاصل کرنے سے باز رکھتا ہے۔ اکثر دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ انسان کسی کام کو نہایت عمدہ اور مفید سمجھتا ہے مگر صرف تعصّب سے اس کو اختیار نہیں کرتا اور دیدہ و دانستہ بُرائی میں گرفتار اور بھلائی سے بیزار رہتا ہے۔ ہُنر، فن اور علم ایسی عمدہ چیزیں ہیں کہ ان میں سے ہر ایک چیز کو نہایت اعلیٰ درجے تک حاصل کرنا چاہیئے مگر متعصّب اپنی بد خصلت سے ہر ایک ہُنر، فن اور علم کے اعلیٰ درجے تک پہنچنے سے محروم رہتا ہے۔

الف) مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کے مصنّف کا نام کیا ہے؟
ب) انسان کو ہزار طرح کی نیکیوں کے حاصل کرنے سے کون سی چیز باز رکھتی ہے؟
ج) کون سی عمدہ چیزوں کو اعلیٰ درجے تک حاصل کرنا چاہیے۔
د) تعصّب کے کیا نقصانات ہیں؟

۸۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔ (۶)

درود و سلام اُس شہ دوسرا ﷺ پر — جو ہے آپ اپنی مثال اللہ اللہ
مِرا جی ہے جب تک تری جُستجو ہے — زباں جب تلک ہے یہی گفتگو ہے
نہ سنو، گر بُرا کہے کوئی — نہ کہو، گر بُرا کرے کوئی
کچھ تم سے بھی زیادہ مُقدّم ہے اُن کا حق — جن کو کہ بھوک پیاس سے سونا حرام تھا
یوں کی ہے اہل بیت مُطہّر ؓ نے زندگی — یہ ماجرائے دُخترِ خیرُ الانام ﷺ تھا

۹۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں اس بات پر اظہار خیال کیجیے کہ امتحان کی تیاری کس طرح کرنی چاہیے؟ (۶)

یا

دو دوستوں کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے جس میں فضول رسم و رواج کے نقصانات بیان کیجیے۔

۱۰۔ درجِ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (۱۰)

i. اتحاد کی اہمیت
ii. ایک دل چسپ اور یادگار سفر
iii. سوشل میڈیا کے نقصانات

---